
Calgary



# پانی سے متعلق ہدایت نامہ برائے مالک مکان

# واٹرنگ 101 – نیا، نشو و نما پاتا ہوا زمینی منظر

ایک ایسی بیرونی جگہ میں وقت گزارنا جو دعوت نظارہ دینے والی اور خوبصورت، کم دیکھ ریکھ والی اور ماحول کے لیے خوشگوار ہو، موسم گرما کا سب سے شاندار انعام ہے۔  زمین سے آپ کا زمینی منظر تیار کرنے میں مدد کے لیے Yardsmart Basics سے شروع کرنا، وقت کے ساتھ، آپ کو وہ مثالی بیرونی جگہ فراہم کر سکتا ہے۔ اپنا Yardsmart زمینی منظر قائم کرتے وقت پلانٹ مِیٹیرِیَل کی پانی دینے کی ضروریات پر غور کرنا ہی آنے والے سالوں میں لطف اندوز ہونے کے لیے ایک خوبصورت، خشک سالی برداشت کرنے والی جگہ ہونے کی کلید ہے۔

بیرون خانہ پانی کا استعمال موسم گرما کے مہینوں میں ہمارا پانی کا بل 30-40% تک بڑھا سکتا ہے۔ آپ کا نیا زمینی منظر قائم کرتے وقت پلانٹ مِیٹیرِیَل کی پانی دینے کی ضروریات پر گہری نظر رکھنا اس اضافہ کو کم سے کم رکھنے میں مدد دے سکتا ہے۔ پودوں میں صرف بوقت ضرورت ہی پانی ڈالنا نہ بھولیں اور یہ یقینی بنانے کے لیے پانی ڈالنے کے آلات (بشمول آب پاشی کے خودکار سسٹمز) کی برابر جانچ کریں کہ ان سے رساؤ نہ ہو رہا ہو جو آپ کے پانی کے بل میں ایک اضافہ کا سبب بنے گا۔

## اپنے پانی کے استعمال پر نظر رکھیں

یہ جاننا کہ آپ ہر وقت بیرون خانہ کتنا پانی استعمال کرتے ہیں مستقبل میں پانی کی بچت پر نظر رکھنے میں آپ کے لیے معاون ہوگا۔ موسم سرما کے مہینوں کے دوران اپنے اوسط ماہانہ پانی کے استعمال کا موازنہ ان مہینوں سے کریں جن میں آپ موسم گرما میں بیرون خانہ پانی استعمال کر رہے ہیں۔ موسم گرما اور موسم سرما کے استعمال کے مابین پایا جانے والا فرق پانی کی وہ مقدار ہے جو آپ بیرون خانہ استعمال کر رہے ہیں۔ پچھلے سال سے موازنہ کرنے کے لیے، سال بہ سال موازنہ کی غرض سے ماضی کے بلوں یا اپنے پانی کے بل کے اوپری حصہ پر پانی کے استعمال کے تاریخی گراف پر نظر ڈالیں۔



19-0002046

| | پانی دینا کب شروع کریں (موسم بہار) | پانی دینا کب بند کریں (موسم خزاں) | کتنی بار پانی دیں | کہاں پانی دیں | اس کام کے لیے پانی دینے کا مناسب آلہ | مطلوبہ پانی کی نشاندہی کرنے کے لیے بصری اشارے | کس حد تک پانی دیں | مجھے اور کیا جاننے کی ضرورت ہے؟ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **ایک سال سے زیادہ رہنے والے پودے (8 > ہفتے)** | نئی نشو و نما اور مٹی کی گرمی کی تفتیش کریں | پہلی بار سخت پالہ کب پڑتا ہے | قسمیں منحصر ہوتی ہیں، تقریبا ہر چھ دنوں میں | پودے کے بیس پر | قطرہ قطرہ آب پاشی، پانی دینے کا کین، پانی دینے کی چھڑی | پژمردہ ہوتی ہوئی پتیاں، وہ پودے جو زمین تک پہنچتے ہیں، پودے کے بیس کے قریب خشک مٹی کی جانچ کریں | جب تک روٹ سسٹم کے بیس کے پاس مٹی نم ہے (تقریبا 2-1" ڈاؤن)، کم اور دھیرے دھیرے | نیچے پانی دینے کے بصری اشارے اکثر اوپر پانی دینے جیسے ہی نظر آتے ہیں۔ اس چیز کی تعیین کے لیے پودے کے بیس کے ارد گرد مٹی کی نمی کی جانچ کرنا نہ بھولیں کہ آیا پودے کو پانی کی ضرورت ہے۔ |
| **سال بھر رہنے والے پودے (3 > ہفتے)** | پودے لگانے/بیج ڈالنے پر | جب پودا مرجھا جاتا ہے/پنکھڑیاں گر جاتی ہیں | ہر ایک تا دو دنوں میں، جب تک کہ مٹی اس درمیان خشک ہو جا رہی ہو | پودے کے بیس پر | قطرہ قطرہ آب پاشی، پانی دینے کا کین، پانی دینے کی چھڑی | پژمردہ ہوتی ہوئی پتیاں، وہ پودے جو زمین تک پہنچتے ہیں، پودے کے بیس کے قریب خشک مٹی کی جانچ کریں | جب تک روٹ سسٹم کے بیس کے پاس مٹی نم ہے (تقریبا 2-1" ڈاؤن)، کم اور دھیرے دھیرے<br>کنٹینرز – جب تک کہ پانی ظرف کے نچلے حصہ سے باہر نہ نکلنے لگے | کنٹینر والے پودے (ظرف والے پودے) عام طور پر زیادہ کثرت سے خشک ہوتے ہیں اور انہیں ان پودوں سے زیادہ پانی کی ضرورت ہوتی ہے جو زمین میں ہوتے ہیں۔ |
| **درخت (3 > سال)** | جب زمین منجمد نہ ہو اور کلیاں پھولنا شروع کر رہی ہوں | جب زمین منجمد ہو | ہفتہ میں، خشک مٹی کے لیے جانچ کریں | ڈرپ لائن کے نیچے کا حصہ | گارڈن ہوس، سوکر ہوس، قطرہ قطرہ آب پاشی، ٹری گیٹر | پژمردہ ہوتی ہوئی، گرتی ہوئی پتیاں، شاخیں اور کلیاں سخت/اکڑی ہوئی ہیں | اپنے درخت میں تقریبا 30 منٹ تک پانی دیں جس میں پانی بس قطرہ قطرہ بہہ رہا ہو۔ پانی کو سطح کے نیچے تقریبا 10 انچ تک داخل ہونے کی ضرورت ہے۔ اگر آپ پانی کو اکٹھا ہوتے ہوئے یا سطح سے باہر بہتے ہوئے دیکھیں تو روک دیں۔ | مزید معلومات کے لیے calgary.ca/trees پر جائیں |
| **جھاڑیاں (8 > ہفتے)** | جب زمین منجمد نہ ہو اور کلیاں پھولنا شروع کر رہی ہوں | جب زمین منجمد ہو | ہفتہ میں، خشک مٹی کے لیے جانچ کریں | ڈرپ لائن کے نیچے کا حصہ | گارڈن ہوس، سوکر ہوس، قطرہ قطرہ آب پاشی | پژمردہ ہوتی ہوئی پتیاں، جھکی ہوئی بیئت | اتنا گہرا کہ جڑ کا پورا حصہ نم ہو جائے پانی دینے سے پہلے خشک مٹی کی جانچ کریں | مزید معلومات کے لیے calgary.ca پر جائیں، تلاش کریں درخت اور جھاڑی کی دیکھ بھال |
| **لان – بیج (4 > ہفتے)** | بیج ڈالنے کے بعد | لاگو نہیں | 0 تا 10 دن – 1x/یومیہ (2x/یومیہ اگر گرم اور خشک ہو)<br>10 تا 28 دن – 1x/یومیہ | پورے حصہ میں۔ صبح سویرے پانی دینے کا خیال رکھیں اور یقینی بنائیں کہ آپ کے اسپرنکلرز کا رخ ڈرائیو ویز اور سائڈ واکس کی دوسری طرف ہو۔ | خودکار آب پاشی کا سسٹم، گارڈن ہوس مع اسپرنکلر | بیجیں اپج نہیں رہی ہیں | 0 تا 10 دن - 15-10 منٹ مٹی کی گہرائی کے ¼" تک<br>10 تا 28 دن – 30 منٹ مٹی کی گہرائی کے ½" تک – گڑھا نہ بننے دیں؛ ہر 4-3 دنوں میں یقینی بنائیں کہ اگلی بار پانی دینے سے پہلے مٹی کو خشک ہونے کا موقع مل چکا ہو | بار بار، ہلکا پانی دینا مٹی کو نم رکھے گا اور بیج کی اپج کو مہمیز دے گا، اس وقت گہرا پانی دینا ضروری نہیں ہے۔ جب تمام کونپلیں ظاہر ہو جائیں تو پانی دینے کے درمیان کے وقفے لمبے کیے جا سکتے ہیں |
| **لان – گھاس کی جڑ (3 > ہفتے)** | نصب کرنے کے بعد | لاگو نہیں | 0 تا 10 دن – 1x/ یومیہ، (اگر گرم اور دھوپ والا ہو 2x/ یومیہ)<br>10 تا 21 دن – ہر دوسرے دن | پورے حصہ میں۔ صبح سویرے پانی دینے کا خیال رکھیں اور یقینی بنائیں کہ آپ کے اسپرنکلرز کا رخ ڈرائیو ویز اور سائڈ واکس کے دوسری طرف سے ہو۔ | خودکار آب پاشی کا سسٹم، گارڈن ہوس مع اسپرنکلر | گھاس کی جڑ کے بیچ کے کنارے الگ الگ یا علیحدہ ہو رہے ہیں | 0 تا 10 دن –<br>15 تا 20 منٹ<br>10 تا 21 دن – 30 منٹ | دیر رات یا شام میں پانی نہ دیں کیوں کہ نئی کونپلیں بیماری کے تئیں اثر پذیر ہوتی ہیں۔ یہ دیکھنے کے لیے گھاس کی جڑ کے کنارے پر نرمی سے کھینچیں کہ گھاس کی جڑ ٹھیک سے نکل رہی ہے۔ |

## عام معلومات

مندرجہ بالا رہنما اصولوں کے علاوہ، ایسے متعدد کلیدی عناصر ہیں جو اس چیز پر اثر انداز ہوتے ہیں کہ آپ کو کتنی بار اور کتنا پانی اپنے زمینی مناظر میں ڈالنا چاہیے۔



- ☐ پانی سب سے بہتر طور پر آپ کی مٹی کی نوعیت، موسم اور پودے کی نوعیت کے مطابق ڈالا جاتا ہے۔
- ☐ سسٹم کتنی تیزی سے یا دھیرے پانی ڈالتا ہے یہ اس چیز کو متاثر کرتا ہے کہ کتنا پانی جذب ہوتا یا بہہ کر یا تبخیر کے ذریعہ ضائع ہوتا ہے۔ ہمیشہ کم اور دھیرے دھیرے پانی ڈالیں اور پانی کبھی اس سے زیادہ تیز نہ ڈالیں جتنا آپ کی مٹی جذب کر سکتی ہے۔
- ☐ اس تبخیر کو کم کرنے کے لیے جو دن کے وسط میں پانی ڈالتے وقت پیش آتی ہے 10 بجے صبح سے پہلے یا 4 بجے شام کے بعد پانی ڈالیں۔
- ☐ دھوپ، چھاؤں اور تیز ہوا اس چیز کو متاثر کرتی ہے کہ مٹی سے کتنا پانی بخارات کی شکل میں اڑتا ہے۔ پودوں/جھاڑیوں/درختوں کے ارد گرد مٹی کو ڈھکنے کے لیے ملچ کی کھاد ڈالنا مٹی کی نمی کو برقرار رکھنے میں مدد دیتا ہے۔
- ☐ پودے ہوس کے پانی پر بارش کے پانی کو ترجیح دیتے ہیں۔ اپنے زمینی منظر میں استعمال کرنے کی خاطر بارش کا پانی اکٹھا کرنے کے لیے اپنے رین بیریل کو ترتیب دیں۔ رین بیریلز کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، calgary.ca دیکھیں اور رین بیریلز تلاش کریں۔
- ☐ آب پاشی کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، پانی سے متعلق ہدایت نامہ برائے مالک مکان - کارگزار آب پاشی دیکھیں۔

## مٹی

مٹی کی ترکیب اس چیز کو متاثر کرتی ہے کہ مٹی کتنی نمی برقرار رکھ سکتی ہے اور کب تک۔ یہ اس چیز کو بھی متاثر کرے گی کہ جڑ کے حصہ کو نم کرنے میں کتنا وقت لگتا ہے اور مٹی پھر دوبارہ کتنی جلدی خشک ہوگی۔



- ☐ پانی دینے سے پہلے اور اس کے بعد دونوں اوقات میں سوائل موائسچر میٹر سے مٹی کی نمی کی جانچ کرنا کافی حد تک پانی دینے کا سب سے بہتر اشاریہ ہے۔ کالگیری میں مٹی عام طور پر چکنی مٹی پر مبنی ہوتی ہے اور اس سے زیادہ نمی برقرار رکھتی ہے جتنا بظاہر لگ سکتا ہے۔
- ☐ مٹی کی ترکیب اور صحت کو بہتر بنانے کے لیے اپنی مٹی میں مرکب کھاد ملائیں۔
- ☐ جہاں بھی ممکن ہو اوپر کی مٹی کی مقدار بڑھا دیں۔ کم سے کم آٹھ انچ اوپر کی مٹی ہونے سے پانی کے انجذاب اور آپ کی مٹی کی نکاس میں بہتری آئے گی۔ اس چیز کی تعیین کے لیے **calgary.ca** پر ایک آن لائن ٹاپ سوائل کیلکولیٹر دستیاب ہے کہ کسی منصوبہ کے لیے آپ کو کتنی مٹی درکار ہے۔

## پودے کی ضروریات

کچھ پودوں کو برابر پانی دینے کی ضرورت ہوتی ہے؛ جبکہ دیگر کو کم ہوتی ہے۔ آپ نئے پودوں کو کس طرح پانی دیتے ہیں یہ جڑ کی نشو و نما کو متاثر کرتا ہے، جو بدلے میں اس چیز کو متاثر کرتا ہے کہ مستقبل میں وہ کتنا پانی استعمال کریں گے۔



- ☐ یہ جاننے کے لیے پودے کا ٹیگ ہمیشہ پڑھیں کہ ہر پودے کی اپنے محل وقوع کے تقاضے کے مطابق خصوصی ضرورت کیا ہے، اور صحیح جگہ پر صحیح پودا لگائیں (مثلا پوری دھوپ، جزوی سایہ، سایہ، وغیرہ)۔
- ☐ گرم، خشک موسم میں پودے لگانے سے گریز کریں کیوں کہ اس سے پودوں پر بہ آسانی دباؤ پڑتا ہے اور یہ پانی دینے سے متعلق ضروریات کا زیادہ تقاضا کر سکتا ہے۔
- ☐ ایسے پودوں کا انتخاب کریں جو آپ کے پودے اگانے کی جگہ کے لیے موزوں ہوں – مقامی اور خشک سالی کو برداشت کرنے والے پودوں کی قسموں کو کم پانی کی ضرورت ہوگی۔